سوال

(956) زینت کی خاطر اپنے دانتوں میں خلا پیدا کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورت زینت کی خاطر اپنے دانتوں میں خلا پیدا کروائے کہ ان کے درمیان معمولی سا فرق پیدا ہو جائے، اس کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایک مسلمان کے لیے حرام ہے کہ محض حسن وجمال کی خاطر اپنے دانتوں کو کشادہ کرائے۔ ہاں اگر وہ بہت ہی بدنما ہوں اور کسی طرح ان کی اصلاح ہو سکتی ہو تو جائز ہے یا ان میں کیڑا وغیرہ لگ گیا ہو تو اس بیماری کا علاج درست ہے اور اس میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ یہ ایک علاج اور بدنمائی کا دور کرنا ہے، اور ظاہر ہے کہ یہ عمل کسی ماہر فن لیڈی ڈاکٹر یا لیڈی ڈینٹل سرجن ہی سے ہو سکے گا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 681

محدث فتویٰ